رول نمبر:..................

جماعت دہم

# اُردو (حصہ انشائی) گروپ دوسرا

## وقت: 02:10 گھنٹے کل نمبر: 60

## (حصہ اوّل)

2۔ حصہ نظم میں سے تین جبکہ حصہ غزل میں سے دو اشعار کی مختصر تشریح کیجیے:

**(حصہ نظم)** 2×3=6

(i) گرداب پر تھا شعلۂ جوالہ کا گماں / انگارے تھے حباب تو پانی شرر فشاں

(ii) سرنگوں رہتی ہیں جس سے قوتیں تخریب کی / جس کے بُوتے پر لچکتی ہے کمر تہذیب کی

(iii) مجھے بیاہ کی تصویر بھیج دیں جھٹ پٹ / یہ دیکھنا ہے کہ بیٹھے ہیں آپ کس کروٹ

(iv) وہی خالق ہے دل کا اور دل کے نیک ارادوں کا / وہی مالک ہمارا اور ہمارے باپ دادوں کا

**(حصہ غزل)** 2×2=4

(v) بھول جاتا ہوں میں ستم اس کے / وہ کچھ اس سادگی سے ملتا ہے

(vi) اک شمع بجھائی تو کئی اور جلا لیں / ہم گردشِ دوراں سے بڑی چال چلے ہیں

(vii) میں درماندہ اس بارگاہِ عطا کا / گُنہ گار ہوں ، اک خطا ہو گئی ہے

## (حصہ دوئم)

3۔ مندرجہ ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ ½+½+½+½+½+½+2=5

(i) اہلِ مغرب نے خاندانی، نسلی اور قبائلی بنیادوں میں ذرا وسعت پیدا کر کے قومیت کی بنیادیں جغرافیائی حدود پر استوار کیں اور کہا کہ قوم وطن سے بنتی ہے۔ اس نظریے کی وجہ سے دنیا کے انسانوں کے درمیان تباہی کا جو دروازہ کھلا، وہ دو عالمی جنگوں کے ہونے سے بخوبی ظاہر ہے۔

½+½+½+½+½+½+2=5

(ii) آپ کے انگریزی اور وسیع و متنوع مطالعے کا ہر وہ شخص معترف ہے جو آپ کو جانتا ہے۔ آپ نے لائبریری کے تقاضوں کو ایک مہتمم اور ایک جویائے علم دونوں کی حیثیت سے پورا کر دیا۔ علی گڑھ سے یہ بہت بڑی نسبت ہے، جس سے آپ مدتوں یاد رکھے جائیں گے۔

4۔ کوئی سے پانچ سوالات کے مختصر جوابات تحریر کیجیے: 2×5=10

(i) نعت میں انسان کو انسان کا عرفان ہونے سے کیا مراد ہے؟

(ii) مسلم لیگ کی بنیاد کب اور کس نے رکھی؟

(iii) پرستان کے بادشاہ نے سیّدانی بی کو کس کام کے لیے بلوایا تھا؟ اور اجرت کے طور پر کیا دیا؟

(iv) چاندنی چوک میں فقیر کی تقریر کا لُبِ لباب کیا تھا؟

(v) جمیل الدین عالی کا شمار کس قسم کے ادیبوں میں ہوتا ہے؟

(vi) استعارہ سے کیا مراد ہے؟ ایک مثال دیجیے۔

(vii) لوک داستانیں یا لوک کہانیاں معاشرے میں کس قسم کی صفات پیدا کرتی ہیں؟

(viii) مقطع کی تعریف کیجیے اور مثال دیجیے۔

5۔ کسی ایک سبق کا خلاصہ لکھیے: (i) مُلَمَّع (ii) مجھے میرے دوستوں سے بچاؤ 05

6۔ کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے: (i) محنت کی برکتیں (ii) کھیل (iii) وقت کی پابندی 15

7۔ درج ذیل عبارت کو غور سے پڑھیے اور آخر میں دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھیے: 2×5=10

ملکہ کی اس دلدوز اور ولولہ انگیز تقریر سے سب امیروں وزیروں کی رگِ حمیت بیدار ہوگئی اور سب نے تہیہ کر لیا کہ وطن کی حفاظت میں اپنے خون کا ایک ایک قطرہ نثار کر دیں گے۔ شاہی فوج کی آمد کی خبریں برابر احمد نگر پہنچ رہی تھیں۔ چاند بی بی نے فوج کی ترتیب و تنظیم کا سارا اہتمام اپنے ہاتھ میں لیا اور سارے انتظام مکمل کر کے دشمن کی آمد کا انتظار کرنے لگی۔ بالآخر شاہی فوج آئی، احمد نگر پر حملہ کیا، لیکن احمد نگر والوں نے شاہی فوج کا مقابلہ اتنی ہمت اور دلیری سے کیا کہ اس کے دانت کھٹے ہو گئے۔

سوالات:

(i) ملکہ کی تقریر نے کیا اثر پیدا کیا؟

(ii) ملکہ چاند بی بی نے احمد نگر کو بچانے کے لیے کیا تدابیر اختیار کیں؟

(iii) شاہی فوج کے دانت کھٹے ہو گئے کا کیا مطلب ہے؟

(iv) ملکہ چاند بی بی نے احمد نگر والوں میں کس طرح ہمت اور دلیری بیدار کی؟

(v) اس عبارت کا مناسب عنوان تحریر کیجیے۔